الأذكار التي تقال صباحا ومساء - **أردو**

# صبح وشام کے اذکار

تحریر: محمد الصالح العثیمین
مورخہ:۲۰-۱-۱۴۱۸ھ

بيان الإسلام
Bayan AL-Islam
مؤلفات فضيلة الشيخ العلامة محمد بن صالح العثيمين رحمه الله تعالى
المحتوى الإسلامي

ننشر الإسلام بأكثر من 100 لغة

بيان الإسلام
Bayan AL-Islam
تعرف على الإسلام

موسوعة الأحاديث النبوية
HadeethEnc.com
موسوعة تضم ترجمات للأحاديث النبوية وشروحها بعدة لغات

موسوعة القرآن الكريم
QuranEnc.com
موسوعة تضم تفاسير وتراجم موثوقة لمعاني القرآن الكريم

بيان الإسلام
Bayan AL-Islam
مؤلفات فضيلة الشيخ العلامة محمد بن صالح العثيمين رحمه الله تعالى
جمعية خدمة المحتوى الإسلامي باللغات

«اللَّهُمَّ فَاطِرَ السَّمَوَاتِ. وَالْأَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ. رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَمَلِيكَهُ. أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ. أَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِي. وَشَرِّ الشَّيْطَانِ وَشِرْكِهِ»

ترجمہ: اے اللہ! آسمانوں اور زمین کو پیدا کرنے والے‘ اے غیب اور حاضر کے جاننے والے، ہر چیز کے رب اور مالک۔ میں شہادت دیتا ہوں کہ تیرے علاوہ کوئی بر حق معبود نہیں، میں تیری پناہ مانگتا ہوں اپنے نفس کے شر سے اور شیطان کے شر اور اس کے شرک سے، اور اس بات سے کہ میں اپنے نفس پر برائی کا ارتکاب کروں یا کسی مسلمان کے لئے برائی کا سبب بنوں۔

«اللَّهُمَّ إِنِّي أَصْبَحْتُ أُشْهِدُكَ. وَأُشْهِدُ حَمَلَةَ عَرْشِكَ. وَمَلَائِكَتَكَ. وَجَمِيعَ خَلْقِكَ. أَنَّكَ أَنْتَ اللَّهُ لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ. وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُولُكَ» (أربع مرات)

ترجمہ: اے اللہ! میں نے اس حال میں صبح کی کہ میں تجھے گواہ بناتا ہوں اور تیرا عرش اٹھانے والوں کو، تیرے فرشتوں کو، تیرے انبیا کو اور تیری تمام مخلوق کو گواہ بناتا ہوں کہ تو ہی اللہ ہے، تیرے سوا کوئی معبود بر حق نہیں، اور بے شک محمد [ﷺ] تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں۔
اور شام کے وقت کہے: اے اللہ! میں نے شام کی.. اخیر تک (چار مرتبہ)۔

«لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ» (مائة مرة في الصباح أو المساء)

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی معبود بر حق نہیں۔ وہ ایک ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں۔ اس کی بادشاہت ہے اور اسی کے لیے تعریف ہے۔ اور وہ ہر بات پر قادر ہے۔ صبح میں یا شام میں (سو مرتبہ) پڑھے۔

«حَسْبِيَ اللَّهُ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ. عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ. وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ» (سبع مرات)

ترجمہ: میرے لیے اللہ کافی ہے‘ اس کے سوا کوئی معبود بر حق نہیں‘ میں نے اسی پر بھروسہ کیا اور وہ عرشِ عظیم کا مالک ہے۔ (سات بار)۔

«سبحان الله وبحمده» (مائة مرة في الصباح أو المساء. أو فيهما جميعًا)

ترجمہ: میں اللہ کی پاکی بیان کرتا ہوں، اور اس کی تعریف کرتا ہوں۔ (سو مرتبہ)


«أستغفر الله وأتوب إليه» (مائة مرة)

ترجمہ: میں اللہ سے مغفرت کا طلب گار ہوں اور اس کے حضور توبہ کرتا ہوں۔ (سو مرتبہ)
صبح میں یا شام میں یا صبح وشام دونوں اوقات میں یہ دعا پڑھے۔

یہ وہ دعائیں ہیں جنہیں تحریر میں لانے کی توفیق ملی‘ اللہ سے دعا ہے کہ اسے (لوگوں کے لیے) نفع بخش بنائے۔

تحریر: محمد الصالح العثیمین مورخہ:۲۰-۱-۱۴۱۸ھ

صبح وشام کے اذکار



# صبح وشام کے اذکار

تحریر: محمد الصالح العثیمین مورخہ: ۲۰-۱-۱۴۱۸ھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

﴿ٱللَّهُ لَآ إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ٱلۡحَيُّ ٱلۡقَيُّومُۚ لَا تَأۡخُذُهُۥ سِنَةٞ وَلَا نَوۡمٞۚ لَّهُۥ مَا فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَمَا فِي ٱلۡأَرۡضِۗ مَن ذَا ٱلَّذِي يَشۡفَعُ عِندَهُۥٓ إِلَّا بِإِذۡنِهِۦۚ يَعۡلَمُ مَا بَيۡنَ أَيۡدِيهِمۡ وَمَا خَلۡفَهُمۡۖ وَلَا يُحِيطُونَ بِشَيۡءٖ مِّنۡ عِلۡمِهِۦٓ إِلَّا بِمَا شَآءَۚ وَسِعَ كُرۡسِيُّهُ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضَۖ وَلَا يَـُٔودُهُۥ حِفۡظُهُمَاۚ وَهُوَ ٱلۡعَلِيُّ ٱلۡعَظِيمُ ٢٥٥﴾ البقرة: 255

ترجمہ: اللہ تعالیٰ ہی معبود برحق ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں جو زندہ اور سب کا تھامنے والا ہے، جسے نہ اونگھ آئے نہ نیند، اس کی ملکیت میں زمین اور آسمانوں کی تمام چیزیں ہیں۔ کون ہے جو اس کی اجازت کے بغیر اس کے سامنے شفاعت کرسکے، وہ جانتا ہے جو ان کے سامنے ہے اور جو ان کے پیچھے ہے اور وہ اس کے علم میں سے کسی چیز کا احاطہ نہیں کرسکتے مگر جتنا وہ چاہے، اس کی کرسی کی وسعت نے زمین وآسمان کو گھیر رکھا ہے اور اللہ تعالیٰ ان کی حفاظت سے نہ تھکتا اور نہ اکتاتا ہے، وہ تو بہت بلند اور بہت بڑا ہے۔

﴿ءَامَنَ ٱلرَّسُولُ بِمَآ أُنزِلَ إِلَيۡهِ مِن رَّبِّهِۦ وَٱلۡمُؤۡمِنُونَۚ كُلٌّ ءَامَنَ بِٱللَّهِ وَمَلَٰٓئِكَتِهِۦ وَكُتُبِهِۦ وَرُسُلِهِۦ لَا نُفَرِّقُ بَيۡنَ أَحَدٖ مِّن رُّسُلِهِۦۚ وَقَالُواْ سَمِعۡنَا وَأَطَعۡنَاۖ غُفۡرَانَكَ رَبَّنَا وَإِلَيۡكَ ٱلۡمَصِيرُ ٢٨٥﴾

ترجمہ: رسول ایمان لایا اس چیز پر جو اس کی طرف اللہ تعالیٰ کی جانب سے اتری اور مومن بھی ایمان لائے، یہ سب اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتوں پر اور اس کی کتابوں پر اور اس کے رسولوں پر ایمان لائے، اس کے رسولوں میں سے کسی میں ہم تفریق نہیں کرتے، انہوں نے کہہ دیا کہ ہم نے سنا اور اطاعت کی، ہم تیری مغفرت طلب کرتے ہیں اے ہمارے رب! اور ہمیں تیری ہی طرف لوٹنا ہے۔

﴿لَا يُكَلِّفُ ٱللَّهُ نَفۡسًا إِلَّا وُسۡعَهَاۚ لَهَا مَا كَسَبَتۡ وَعَلَيۡهَا مَا ٱكۡتَسَبَتۡۗ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذۡنَآ إِن نَّسِينَآ أَوۡ أَخۡطَأۡنَاۚ رَبَّنَا وَلَا تَحۡمِلۡ عَلَيۡنَآ إِصۡرٗا كَمَا حَمَلۡتَهُۥ عَلَى ٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِنَاۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلۡنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهِۦۖ وَٱعۡفُ عَنَّا وَٱغۡفِرۡ لَنَا وَٱرۡحَمۡنَآۚ أَنتَ مَوۡلَىٰنَا فَٱنصُرۡنَا عَلَى ٱلۡقَوۡمِ ٱلۡكَٰفِرِينَ ٢٨٦﴾ البقرة: 285-286.

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کسی جان کو اس کی طاقت سے زیادہ مکلف نہیں بناتا، جو نیکی وہ کرے وہ اس کے لئے اور جو برائی وہ کرے وہ اس پر ہے، اے ہمارے رب! اگر ہم بھول گئے ہوں یا خطا کی ہو تو ہمیں نہ پکڑنا، اے ہمارے رب! ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال جو ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالا تھا، اے ہمارے رب! ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال جس کی ہمیں طاقت نہ ہو اور ہم سے درگزر فرما! اور ہماری مغفرت فرما اور ہم پر رحم کر! تو ہی ہمارا مالک ہے، ہمیں کافروں کی قوم پر غلبہ عطا فرما۔

سورہ ﴿قُلۡ هُوَ ٱللَّهُ أَحَدٌ﴾

سورہ ﴿قُلۡ أَعُوذُ بِرَبِّ ٱلۡفَلَقِ﴾

سورہ ﴿قُلۡ أَعُوذُ بِرَبِّ ٱلنَّاسِ﴾

تینوں سورتیں پوری کی پوری تین دفعہ پڑھے۔........................ السورة كاملة (ثلاث مرات)

«أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللَّهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ» (ثلاث مرات)

ترجمہ: اللہ تعالی کے کامل کلمات کی پناہ چاہتا ہوں اللہ کی مخلوقات کے شر سے۔

«بِسْمِ اللهِ الَّذِى لاَ يَضُرُّ مَعَ اسْمِهِ شَىْءٌ فِى الأَرْضِ وَلاَ فِى السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ» (ثلاث مرات)

ترجمہ: اس اللہ کے نام کے ساتھ جس کے نام کے ساتھ زمین وآسمان میں کوئی چیز نقصان نہیں پہنچاتی، اور وہ خوب سننے والا سب کچھ جاننے والا ہے۔ (تین مرتبہ)

«بِسْمِ اللهِ الَّذِى لاَ يَضُرُّ مَعَ اسْمِهِ شَىْءٌ فِى الأَرْضِ وَلاَ فِى السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ» (ثلاث مرات)

ترجمہ: میں اللہ کے رب ہونے پر، اسلام کے دین ہونے پر اور محمد -صلی اللہ علیہ وسلم- کے نبی ہونے پر راضی ہوا۔ (تین مرتبہ)

«أَصْبَحْنَا وَأَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلَّهِ. وَالْحَمْدُ لِلَّهِ. لاَ إِلَهَ إلاَّ اللَّهُ وَحْدَهُ لاَ شَرِيكَ لَهُ. لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ. رَبِّ أَسْأَلُكَ خَيْرَ مَا فِى هَذَا الْيَوْمِ وَخَيرَ مَا بَعْدَهُ. وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِي هَذَا الْيَوْمِ وَشَرِّ مَا بَعْدَهُ. رَبِّ أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَسُوءِ الْكِبَرِ. رَبِّ أَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابٍ فِي النَّارِ وَعَذَابٍ فِي الْقَبْرِ»

ترجمہ: ہم نے صبح کی اور اللہ کے ملک (بادشاہت) نے صبح کی، اور تمام تعریف اللہ کے لئے ہے، اللہ کے علاوہ کوئی معبود برحق نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لئے ملک (بادشاہت) ہے، اور اسی کے لئے حمد ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اے میرے رب! اس دن میں جو خیر ہے اور جو اس کے بعد میں خیر ہے میں تجھ سے اس کا سوال کرتا ہوں، اور اس دن کے شر سے اور اس کے بعد کے شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔ اے میرے رب! میں سستی، انتہائی بڑھاپے اور بڑھاپے کی برائی سے تیری پناہ چاہتا ہوں، اے میرے رب! میں جہنم کے عذاب اور قبر کے عذاب سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

اور شام کے وقت کہے: (ہم نے شام کی اور اللہ کے ملک (بادشاہت) نے شام کی) نیز کہے: (اے میرے رب! اس رات میں جو خیر ہے...) اخیر تک۔

« اللَّهُمَّ بِكَ أَصْبَحْنَا. وَبِكَ أَمْسَيْنَا. وَبِكَ نَحْيَا. وَبِكَ نَمُوتُ. وَإِلَيْكَ النُّشُورُ»

ترجمہ: اے اللہ! تیرے ہی حکم سے ہم نے صبح کی اور تیرے ہی حکم سے ہم نے شام کی، اور تیرے ہی حکم سے ہم جیتے ہیں، اور تیرے ہی حکم سے ہم مریں گے، اور تیری ہی طرف لوٹ کر جانا ہے۔

اور شام کے وقت کہے: اے اللہ! تیرے ہی حکم سے ہم نے شام کی اور تیرے ہی حکم سے ہم نے صبح کی، اور تیرے ہی حکم سے ہم جیتے ہیں، اور تیرے ہی حکم سے ہم مریں گے، اور تیری ہی طرف لوٹ کر جانا ہے۔

«اللَّهُمَّ مَا أَصْبَحَ بِى مِنْ نِعْمَةٍ أو بأحدٍ من خلقِك فَمِنْكَ وَحْدَكَ. لَا شَرِيكَ لَكَ. فَلَكَ الْحَمْدُ. وَلَكَ الشُّكْرُ»

ترجمہ: اے اللہ! مجھ پر یا تیری مخلوق میں سے کسی پر جس نعمت نے بھی صبح کی ہے وہ صرف تیری طرف سے ہے، تو اکیلا ہے، تیرا کوئی شریک نہیں، تیرے ہی لئے حمد اور تیرے ہی لئے شکر ہے۔ اور شام کے وقت: (... جس نعمت نے بھی شام کی ہے..)

«اللَّهُمَّ إِنِّى أَسْأَلُكَ الْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ. اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِي دِينِي. وَدُنْيَاىَ. وَأَهْلِي. وَمَالِيَ. اللَّهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِي وَآمِنْ رَوْعَاتِي. اللَّهُمَّ احْفَظْنِي مِنْ بَيْنِ يَدَىَّ. وَمِنْ خَلْفِي. وَعَنْ يَمِينِي. وَعَنْ شِمَالِي. وَمِنْ فَوْقِي. وَأَعُوذُ بِعَظَمَتِكَ أَنْ أُغْتَالَ مِنْ تَحْتِي»

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے دنیا اور آخرت میں عافیت کا سوال کرتا ہوں، اے اللہ! میں اپنے دین، اپنی دنیا، اپنے اہل وعیال اور اپنے مال میں تجھ سے معافی اور عافیت کا سوال کرتا ہوں، اے اللہ! میری پردہ والی چیزوں پر پردہ ڈال دے اور میری گھبراہٹوں کو امن میں رکھ، اے اللہ! میرے سامنے سے، میرے پیچھے سے، میری دائیں طرف سے، میری بائیں طرف سے اور میرے اوپر سے میری حفاظت کر، اور میں اس بات سے تیری عظمت کی پناہ چاہتا ہوں کہ اچانک اپنے نیچے سے ہلاک کیا جاؤں۔

«اللَّهُمَّ أَنْتَ رَبِّي لاَ إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ. خَلَقْتَنِي وَأَنَا عَبْدُكَ. وَأَنَا عَلَى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ. أَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ. أَبُوءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ. وَأَبُوءُ لَكَ بِذَنْبِي فَاغْفِرْ لِي. فَإِنَّهُ لاَ يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا أَنْتَ»

ترجمہ: اے اللہ! تو ہی میرا رب ہے، تیرے علاوہ کوئی برحق معبود نہیں ہے، تو نے مجھے پیدا کیا، اور میں تیرا بندہ ہوں، اور میں تیرے عہد وپیمان پر قائم ہوں جس قدر طاقت رکھتا ہوں، میں نے جو کچھ کیا اس کے شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں، اپنے آپ پر تیری نعمت کا اقرار کرتا ہوں، اور اپنے گناہ کا اعتراف کرتا ہوں، پس میری مغفرت فرما دے، کیوں کہ تیرے سوا کوئی گناہوں کی مغفرت نہیں کرسکتا۔